بولان کاسٹنگز لمیٹڈ

رجسٹرڈ آفس: مرکزی آر سی ڈی ہائی وے، حب چوکی، ڈسٹرکٹ لسبیلہ، بلوچستان

فون: 0092-853-364036 اور 0092-853-363296 ای میل: bclhub@bclpk.com ویب سائٹ: www.bolancastings.com

سالانہ اجلاس عام کا نوٹس

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بولان کاسٹنگز لمیٹڈ کے 44ویں سالانہ اجلاس عام کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، مرکزی آر سی ڈی شاہراہ، حب چوکی، ڈسٹرکٹ لسبیلہ، بلوچستان، پاکستان میں اور بذریعہ ویڈیو لنک بروز ہفتہ 28 اکتوبر، 2026 دوپہر 12:00 بجے مندرجہ ذیل کارروائی پر غور، درآمد کے لئے منعقد ہوگا:

A- عمومی کارروائی:

1- 22 اکتوبر، 2025 کو منعقدہ 43ویں سالانہ اجلاس عام کمپنی کی کارروائی کی توثیق۔

2- 30 جون، 2026 کو ختم ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں مع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کی وصولی، ان پر غور و خوض اور منظوری۔

3- 30 جون، 2027 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین۔

4- پورے آف ڈائریکٹرز کی جانب سے مقرر کردہ سات (7) ڈائریکٹرز کا تین سال کی مدت کے لیے انتخاب ۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز میں جناب سکندر مصطفیٰ خان، جناب سہیل بشیر رانا، جناب لئیق الدین انصاری، جناب سید محمد عرفان جلیل، جناب عامر امین، جناب سید جواد یہ اشرف اور محترمہ مہم رمنا شامل ہیں۔

B- خصوصی کارروائی

5- 30 جون، 2026 کو ختم ہونے والے سال کے لیے گروپ کمپنی کے ساتھ روزمرہ کاروبار کے سلسلے میں ہونے والی عمومی ٹرانزیکشنز کی توثیق اور منظوری کے لئے مندرجہ ذیل قرارداد کی بطور خصوصی قرارداد منظوری:

قرار پایا کہ 30 جون، 2026 کو ختم ہونے والے سال کے لئے گروپ کمپنی کے ساتھ کاروبار کے سلسلے میں ہونے والی عمومی ٹرانزیکشنز، جیسا کہ فنانشل اسٹیٹمنٹس کے نوٹ 37 میں بیان کی گئی ہیں، کی بذریعہ ہذا توثیق اور منظوری دی جاتی ہے۔

6- 30 جون، 2027 کو ختم ہونے والے سال کے لیے گروپ کمپنیوں کے ساتھ روزمرہ کاروبار کے سلسلے میں کی جانے والی اور آئندہ ہونے والی عمومی ٹرانزیکشنز کی منظوری کیلئے چیف ایگزیکٹو کو قانونی اختیار دینے کے لیے مندرجہ ذیل قرارداد کی ترمیم کے ساتھ یا بغیر ترمیم کے بطور خصوصی قرارداد منظوری:

قرار پایا کہ 30 جون، 2027 کو ختم ہونے والے سال کے دوران گروپ کمپنیوں کے ساتھ روزمرہ کاروبار کے سلسلے میں کی جانے والی اور آئندہ ہونے والی تمام ٹرانزیکشنز کی منظوری کے لئے کمپنی کا چیف ایگزیکٹو قانونی اختیار رکھتا ہے جو کہ آئندہ سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی حتمی منظوری/توثیق سے مشروط ہے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کا چیف ایگزیکٹو اس سلسلے میں کمپنی کی ضرورت کے مطابق کوئی بھی یا تمام اقدامات کرنے اور کوئی بھی اور تمام دکار دستاویزات/معاہدوں/تصدیقات پر دستخط/عمل درآمد کرنے کا قانونی طور پر مجاز ہوگا۔

بحکم بورڈ

عرفات مشیر

کمپنی سیکرٹری

حب

06 اکتوبر، 2026

نوٹس:

1- کمپنی کے شیئر ٹرانسفر کے کھاتے 20 اکتوبر، 2026 سے 28 اکتوبر 2026 تک بند رہیں گے (دونوں ایام شامل ہیں)۔ 19 اکتوبر، 2026 کو دفتری اوقات کار کے اختتام تک ہماری کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز ای سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے دفتر واقع ڈی سی ہاؤس B-99، بلاک S.M.C.H.S، مین شاہراہ فیصل، کراچی - 74400 میں وصول ہونے والے ٹرانسفر اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے بروقت تصور ہوں گے۔

2- سالانہ اجلاس میں حاضر ہونے اور ووٹ دینے کا حقدار کوئی بھی ممبر کسی دوسرے ممبر کو اجلاس میں حاضر ہونے اور ووٹ دینے کے لئے اپنی (اپنا نمائندہ مقرر کرسکتا ہے۔ ووٹ ڈالنے پر یا اپنے نمائندے کے ذریعے ڈالا جاسکتا ہے یا بصورت دیگر کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 138 کے تقاضوں کے مطابق کسی با قاعدہ تصدیق شدہ نمائندے کے ذریعے بھی ڈالا جاسکتا ہے۔

3- کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 137 کے تحت سیکشن (6) میں فراہم کردہ طریقہ کار کے مطابق تیار کردہ نمائندوں کے باقاعدہ تقرر نامے اجلاس سے کم از کم 48 (اڑتالیس) گھنٹے پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر کو موصول ہونے پر موثر ہوں گے۔

4- ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے پتہ میں کسی بھی تبدیلی سے متعلق شعبہ کی صورت میں ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز ای سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ اور بک انٹری فارم کی شکل میں شیئر رکھنے کی صورت میں اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹ (انویسٹر اکاؤنٹ سروس کو فوری طور پر مطلع کریں۔

5- CDC اکاؤنٹ ہولڈر/کمپنی سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 میں پیش کردہ ہدایت نامے کے تحت درج ذیل مزید ہدایات کی پیروی کرنا ہوگی:

A- اجلاس میں شرکت کے لئے:

i) انفرادی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر، اجلاس میں شمولیت کے موقع پر اپنی شناخت کی تصدیق (اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ کے ذریعے کرے گا۔

ii) کاروباری ادارے کی صورت میں اجلاس میں شمولیت کے وقت پراکسی کی قرارداد/مختار نامہ مع نامزد کردہ شخص کے نمونے کے ساتھ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو تو) پیش کرنا ہوگا۔

B- نامزد نمائندوں کی تقرری:

i) انفرادی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر مندرجہ بالا شرائط کے مطابق نامزدگی کا فارم (Proxy) جمع کروائیں گے۔

ii) نامزدگی کا فارم (Proxy Form) دو افراد کے گواہ ناموں، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبروں کے ساتھ جمع کروایا جائے گا۔

iii) نامزدگی کے فارم کے ساتھ اصل کھاتہ داران اور نامزد نمائندہ کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول جمع کروائی ہوں گی۔

iv) نامزد کردہ نمائندہ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ دکھائے گا/ گی۔

v) کاروباری ادارے کی صورت میں ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ نامزد کردہ شخص کے نمونے کے ساتھ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو تو) نامزدگی کے فارم (Proxy) کے ساتھ کمپنی کو پیش کرنا ہوگا۔

اجلاس کے ڈیجیٹل کے ذریعہ انعقاد اور اس کے مطابق حاضریوں کے سلسلہ میں مندرجہ بالا ضروریات اور کارپوریٹ تقاضوں کے مناسب تبدیلیوں کے ساتھ اطلاق ہوگا۔

6- ڈائریکٹرز کا انتخاب

A- کوئی بھی رکن جو ڈائریکٹر کے عہدے کے انتخاب میں حصہ لینا چاہتا ہو، خواہ وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا کوئی دوسرا امیدوار، سے میٹنگ کی تاریخ سے کم از کم چودہ (14) دن قبل کمپنی کو درج ذیل دستاویزات جمع کروانا ہوں گی:

i) کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159(3) کے تحت ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کی خواہش کا نوٹس۔

ii) فارم 9 کا ضمیمہ ــــ ا ڈائریکٹر کی حیثیت سے کام کرنے کی رضامندی، جو کمپنیز رجسٹریشن آفس آفس) ریگولیشنز 2024، اور کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (1)167 کے تحت مقرر کردہ ہے۔

iii) SECP کے SRO نمبر 1196(I)/2019 مورخہ 3 اکتوبر 2019، کے تحت مطلوبہ تفصیلی تعارف/ پروفائل، جسے دیگر مقاصد کے علاوہ انتخاب سے قبل کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی شائع کیا جائے گا۔

iv) دیگر کمپنیوں میں ڈائریکٹر شپ کی تفصیلات بشمول متعلقہ عہدے سنبھالنے کی تاریخیں۔

v) درست CNIC اور NTN کی مصدقہ نقول۔

vi) ایک اعلامیہ جس میں تصدیق کی گئی ہو کہ:

a) وہ کمپنی کا رکن ہے اور کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 9.09 کے مطابق مطلوبہ کوالیفائنگ شیئرز رکھتا ہے۔ (رکھے گئے شیئرز کی تعداد، ڈیپازیٹری نمبر اور CDC پارٹیسپنٹ I/D اکاؤنٹ نمبر کے ساتھ درج کی جائے۔)

b) وہ قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کے تحت کمپنی کا کار کی ڈائریکٹر بننے کے لیے نااہل نہیں ہے۔

c) وہ سات (7) سے زائد لسٹڈ کمپنیوں میں بیک وقت ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام نہیں دے رہا/رہی، جس میں بولان کاسٹنگز لمیٹڈ بھی شامل ہے۔ تاہم، لسٹڈ ذیلی کمپنیوں میں ڈائریکٹر شپ، اگر کوئی ہو، اس تعداد میں شامل نہیں ہوگی۔

d) اس کا نام قومی ٹیکس دہندگان کے رجسٹر میں درج ہے۔ (قومی ٹیکس نمبر NTN/ درج کیا جائے۔)

e) اس نے کسی بینکنگ کمپنی کا، ڈیولپمنٹ فنانس انسٹی ٹیوشن یا نان بینکنگ فنانس انسٹی ٹیوشن سے حاصل کردہ کسی قرض کی ادائیگی میں نادہندگی نہیں کی، اور اگر وہ کسی سیکیورٹیز ایکسچینج کا رکنی رکن ہے تو اسے ایکسچینج کی جانب سے نادہندہ قرار نہیں دیا گیا۔

f) وہ یا اس کا/کی شریک حیات اسٹاک بروکریج کے کاروبار سے وابستہ نہیں ہے، اور وہ کسی کارپوریٹ بروکریج ہاؤس کا/کی اسپانسر، ڈائریکٹر یا افسر نہیں ہے۔

B- آزاد ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب میں حصہ لینے والے امیدواروں کے لیے اضافی دستاویزات

آزاد ڈائریکٹر/ڈائریکٹر کا انتخاب کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159 کے تحت کیا جائے گا، اور جن کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 166 اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹر کے انتخاب اور طریقہ کار) ریگولیشنز، 2018 میں مقرر کردہ معیار پر پورا اترنا ہوگا۔ چنانچہ جو امیدوار آزاد ڈائریکٹر کی حیثیت سے ڈائریکٹر کے انتخاب کے لیے، رضامندی دیتا/دیتا ہے، ان کے لیے درج ذیل اضافی دستاویزات جمع کروانا ضروری ہوگا:

i) لسٹڈ کمپنیز (کارپوریٹ گورننس کا ضابطہ)، ریگولیشنز، 2019 کی شق 3(6) کے تحت آزاد ڈائریکٹر/ ڈائریکٹر کا قرارنامہ۔

ii) آزاد ڈائریکٹر/ڈائریکٹر کی حیثیت سے کام کرنے کی رضامندی، جو کمپنیز (آزاد ڈائریکٹر کے انتخاب اور طریقہ کار) ریگولیشنز، 2018 کے ریگولیشن 4 کی ذیلی ریگولیشن (1) میں مقرر کردہ تقاضوں پر پورا اترتے ہیں۔

iii) ضروری جانچ پڑتال اور ریکارڈ کے لیے اپنا تازہ ترین ریزیومے، حالیہ پاسپورٹ سائز تصویر، تعلیمی دستاویزات، آزاد ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بیک میں نام کے اندراج کا ثبوت اور تجربے کے سرٹیفکیٹس جمع کرانا ہوں گے۔

C- اہلیتی ارکان، بحیثیت ایک طبقہ، جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں امیدوار کی حیثیت سے حصہ لینے کے خواہش مند ہوں، انہیں بورڈ کی جانب سے پراکسی حاصل کرنے کے عمل کے ذریعے سہولت فراہم کی جائے گی، جیسا کہ لسٹڈ کمپنیز (کارپوریٹ گورننس کا ضابطہ)، ریگولیشنز، 2019 کے ریگولیشن 5 کے تحت مقرر کیا گیا ہے۔

7- اسکروٹنائزر

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ)، ریگولیشنز، 2018 (ریگولیشنز) کے ریگولیشن 11 کے مطابق کمپنی کے ہر ووٹنے جنیوئن شیئر ہولڈر، جو QR رسید آڈٹ فرم ہے، کو اجلاس میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے کمپنی کا اسکروٹنائزر (Scrutinizer) مقرر کیا ہے، تاکہ ووٹ گنتی کے ریگولیشنز کے ریگولیشن 11A میں بیان کردہ دیگر ذمہ داریاں بھی انجام دے۔ اسکروٹنائزر کے پاس کافی اطلاق قانونی تقاضوں کے مطابق ووٹنگ کے عمل کی آزادانہ جانچ پڑتال کرنے کے لیے ضروری علم اور تجربہ موجود ہے۔

8- سالانہ اجلاس عام میں شرکت:

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے 2021 کے سرکلر نمبر 04 مورخہ 15 فروری، 2021 کے ذریعہ لسٹڈ کمپنیوں کو ویڈیو لنک کی سہولت کی فراہمی کی ہدایت کی ہے، لہٰذا زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے کے لئے سالانہ اجلاس عام بذریعہ ویڈیو لنک بھی منعقد کرنے کا انتظام کیا ہے۔

ویڈیو لنک کے ذریعہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے لئے ممبران سے درخواست ہے کہ اپنی درج ذیل تفصیلات بذریعہ ای میل agm@bclpk.com پر ارسال کریں۔

فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	کمپنی کا نام	مکلفیتی شیئرز کی تعداد	نام	سی این آئی سی نمبر	موبائل فون	ای میل ایڈریس
	بولان کاسٹنگز لمیٹڈ					

ویڈیو لنک لاگ ان کی تفصیلات ان شیئر ہولڈرز کو فراہم کی جائیں گی جن کی تمام مطلوبہ کوائف پر مشتمل ای میلز 27 اکتوبر، 2026 دفتری اوقات کار کے اختتام (شام 05:00 بجے) تک مندرجہ بالا ای میل ایڈریس پر موصول ہو جائیں گی۔

9- کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/رجسٹریشن کی تصدیق:

کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز)، ریگولیشنز، 2017 کی شق 6، جسے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کے ساتھ پڑھا جائے، کے مطابق کمپنی نے ایسے شیئر ہولڈرز کو نقد ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روک دی ہے جنہوں نے اب تک اپنا اتھل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر (CNIC) فراہم نہیں کیا ہے اور ان کو آئندہ بھی ڈیویڈنڈ کی ادائیگی نہیں کی جائے گی۔ اگر آپ کا ڈیویڈنڈ بیان کردہ وجہ کے باعث روک لیا گیا ہے تو آپ سے درخواست ہے کہ فزیکل شکل میں شیئرز رکھنے کی صورت میں اپنے فعال کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی واضح نقل کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اور بک انٹری کی شکل میں شیئرز رکھنے کی صورت میں اپنے متعلقہ پارٹیسپینٹ/انویسٹر اکاؤنٹ سروس کو فوراً فراہم کریں۔

10- کیش ڈیویڈنڈ کی الیکٹرانک طریقے سے ادائیگی:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز)، ریگولیشنز، 2017 کی شق 4 کی دفعات کے مطابق ایک لسٹڈ کمپنی کو اپنے شیئر ہولڈرز کو نقد ڈیویڈنڈ صرف الیکٹرانک موڈ کے ذریعے براہ راست حق رائے شیئر ہولڈرز کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں ادا کرنے کی اجازت ہے۔ اگر آپ کا کیش ڈیویڈنڈ کو وجہ سے روک دیا گیا ہے تو آپ سے درخواست ہے کہ اپنا (i) بینک اکاؤنٹ کا عنوان (ii) بینک اکاؤنٹ نمبر (iii) انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) (iv) بینک کا نام (v) برانچ کا نام، کوڈ اور پتہ (vi) موبائل نمبر اور (vii) اینڈرائن نمبر، اگر کوئی ہو تو فزیکل شکل میں شیئرز رکھنے کی صورت میں ہمارے شیئر رجسٹرار کو اور بک انٹری کی شکل میں شیئرز رکھنے کی صورت میں اپنے متعلقہ پارٹیسپینٹ/انویسٹر اکاؤنٹ سروس کو فراہم کریں۔

11- فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے تحت تمام لسٹڈ کمپنیز پر لازم ہے کہ وہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے متعین کردہ مدت کے دوران اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری صورت میں تبدیل کریں۔ لہٰذا فزیکل شیئر سرٹیفکیٹس رکھنے والے شیئر ہولڈرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ سی ڈی سی کی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے ساتھ اپنا اکاؤنٹ کھولیں یا پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کسی بھی بروکر کے ساتھ اپنا ذیلی اکاؤنٹ کھولیں تاکہ اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس صورت میں رکھ سکیں۔ یہ عمل ان کے لئے کئی لحاظ سے کارآمد ثابت ہوگا، یعنی اب وہ اپنے شیئرز نہ صرف باحفاظت رکھ سکتے ہیں بلکہ کسی بھی وقت انہیں فروخت بھی کر سکتے ہیں، کیونکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ قواعد ضوابط کے مطابق فزیکل شیئرز کی ٹریڈنگ کی اجازت نہیں ہے۔

12- سالانہ مالی حسابات کی ترسیل بذریعہ QR Enabled ای میل کوڈ اور ویب لنک

30 جون 2026 کو ختم ہونے والے سال کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کے ساتھ متعلقہ ریٹرنز، رپورٹس درج ذیل QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ارسال کی جارہی ہیں:

QR Code

ویب لنک https://bolancastings.com/PDF/AR2026.pdf

مزید برآں، کمپنی نے 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے سال کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی حسابات میں ان کی متعلقہ رپورٹس اپنے ان ممبران کو بذریعہ ای میل بھیج دی ہیں جن کے ای میل ایڈریس دستیاب ہیں۔

13- فزیکل شیئر ہولڈرز کی طرف سے لازمی معلومات جمع کروانا

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 119 اور کمپنیز ریگولیشنز، 2024، کے ریگولیشن 47 کے مطابق، تمام فزیکل شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنی لازمی معلومات جیسے کہ CNIC نمبر، پتہ، ای میل ایڈریس (اگر دستیاب ہو)، موبائل/ٹیلی فون نمبر، انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN)، وغیرہ، کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر فراہم کریں تاکہ قانون کی عدم تعمیل یا مستقبل میں کسی بھی قسم کی تکلیف سے بچا جاسکے۔

14- پوسٹل بیلٹ (Postal Ballot)

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ)، ریگولیشنز 2018 مجریہ 2018/2025(1)SRO451 مورخہ 13 مارچ 2025 کے ساتھ پڑھا جائے، کے مطابق خصوصی کارروائی اور ڈائریکٹرز کے انتخاب، اگر کوئی وقتی طور پر ہونے والی ہو، کے لئے کمپنی الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت فراہم کرے گی۔

15- تحائف کی تقسیم نہ کرنے کا اعلان بذریعہ ہذا۔ آر۔او452(I)/2025 مورخہ 17 مارچ 2025

کمپنی اجلاس میں کوئی تحائف تقسیم نہیں کرے گی۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 134(3) کے تحت بیان

1- نوٹس کا ایجنڈا آئٹم نمبر 5 متعلقہ فریقین سے لین دین

30 جون، 2026 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران کمپنی نے لین دین گروپ کمپنی کے ساتھ عمومی کاروباری سرگرمی کے مطابق کی۔ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس)، ریگولیشنز 2019 کی ریگولیشن نمبر 15 کے مطابق گروپ کمپنیوں (متعلقہ پارٹیوں) کے ساتھ عمومی کاروبار کے سلسلے میں کی جانے والی ٹرانزیکشنز کی بورڈ کی جانب سے منظوری درکار تھی جو کہ آڈٹ کمیٹی سے سفارش پر تجویز کردی ہے۔ چونکہ کمپنی کے 8 میں سے 4 ڈائریکٹرز ان ٹرانزیکشنز میں اپنے مشترکہ انحصارات اور گروپ کمپنی میں شیئرز کی ملکیت کے باعث دلچسپی رکھتے ہیں، لہٰذا ان ٹرانزیکشنز کی منظوری کے لئے ڈائریکٹرز کا کورم پورا نہیں ہو سکا۔ چنانچہ گزشتہ سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز نے کمپنی کے چیف ایگزیکٹو کو اختیار دیا کہ ان ٹرانزیکشنز کی منظوری عمومی کاروباری سرکوپ کے طور پر دیں، تاہم یہ شیئر ہولڈرز کی منظوری/توثیق سے مشروط ہے۔ لہٰذا اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی جانب سے ان ٹرانزیکشنز کی منظوری دی جائے گی۔

مندرجہ بالا تاریخ میں 30 جون، 2026 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران گروپ کمپنی کے ساتھ کی گئی ٹرانزیکشنز شیئر ہولڈرز کے سامنے ان پر غور و خوض اور منظوری/توثیق کے لئے پیش کی جارہی ہیں۔

ڈائریکٹرز اس قرارداد میں اپنے مشترکہ اختیارات اور شرکت کار کمپنی میں شیئرز کی ملکیت کی حد تک دلچسپی رکھتے ہیں۔

متعلقہ فریقین سے لین دین کی تفصیلات، جیسا کہ کمپنیز (متعلقہ فریقین سے لین دین اور متعلقہ ریکارڈ) کی خلاف) ریگولیشنز 2018 کے ریگولیشن 5(1) کے تحت درکار ہیں، درج ذیل ہیں:

متعلقہ فریق کا نام	نٹ ڈائریکٹر/بورڈ	
دلچسپی رکھنے والے ڈائریکٹرز کے نام	جناب سکندر ایم خان جناب لئیق الدین انصاری	جناب سہیل بشیر رانا جناب سید محمد عرفان جلیل
تعلق، مفاد یا دلچسپی کی نوعیت جو متعلقہ فریق میں ڈائریکٹر، شیئر ہولڈر یا اہم انتظامی عہدہ دار کو فائدہ اٹھانے کا حامل ہے	جناب سکندر ایم خان، جناب سہیل بشیر رانا اور جناب لئیق الدین انصاری کی مشترکہ ڈائریکٹر شپ	

لین دین کی تفصیل (تعریح شرائط وضوابط				
لین دین کی قدر (روپے)	1,667,332,980	896,904	300,695,569	206,615,324
لین دین کا وقت یا دورانیہ	01-07-2025 سے 30-06-2026 تک			
قیمتوں کے تعین کی پالیسی	ہاتھی بھور جنتھ قیمت غیر جانبدارانہ بنیاد پر		غیر جانبدارانہ اصولوں پر مبنی معاہدے کے تحت	حقیقی بنیاد پر

شیئرز کی خریداری	896,904	300,695,569	206,615,324
شیئرز کی سیل کے تناظر میں فروخت/ایڈجسٹ کیا گیا			
سیٹل/وصول ہوا			
کمپنی کی جانب سے GTL کی طرف سے واجب الادا رقم			
500,691			

2- نوٹس کا ایجنڈا آئٹم نمبر 6 متعلقہ فریقین سے لین دین کے لئے سی ای او کا اختیار

30 جون، 2027 کو ختم ہونے والے مالی سال میں کمپنی گروپ کمپنیوں کے ساتھ عمومی کاروبار کرے گی۔ کمپنی کے 8 میں سے 4 ڈائریکٹرز ان ٹرانزیکشنز میں اپنی مشترکہ ڈائریکٹر شپ اور گروپ کمپنیوں میں شیئرز کی ملکیت کے باعث دلچسپی رکھتے ہیں، لہٰذا ڈائریکٹرز کی عدم شمولیت اور کسی بھی غیر دلچسپی رکھنے والے ڈائریکٹر کی غیر حاضری کی صورت میں ان ٹرانزیکشنز کی منظوری کے لئے ڈائریکٹرز کا کورم پورا نہیں ہو سکے گا۔ لہٰذا سابقہ بنیاد پر بورڈ کی جانب سے ان ٹرانزیکشنز کی منظوری کے مندرجہ بالا تقاضے کی تکمیل اور اس مقصد کے لئے مطلوبہ کورم پورا نہ ہونے کے باعث گروپ کمپنیوں کے ساتھ ٹرانزیکشنز اگلے سالانہ اجلاس عام میں توثیق/منظوری کے مقصد کے لئے پیش کی جائیں گی۔

30 جون، 2027 کو ختم ہونے والے سال کے دوران ان ٹرانزیکشنز کی منظوری کی یقین دہانی اور قانونی ضوابط کی عدم تعمیل سے بچنے کے لئے شیئر ہولڈرز چیف ایگزیکٹو کو اختیار دے سکتے ہیں کہ وہ گروپ کمپنیوں کے ساتھ کی گئی ٹرانزیکشنز اور مستقبل میں کی جانے والی ٹرانزیکشنز کی منظوری دے، جو کہ شیئر ہولڈرز کی حتمی منظوری توثیق سے مشروط ہے۔

ڈائریکٹرز اس قرارداد میں اپنے مشترکہ اختیارات اور گروپ کمپنیوں میں شیئرز کی ملکیت کی وجہ سے دلچسپی رکھتے ہیں۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 166(3) کے تحت بیان

1- آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 166(3) کے تحت یہ لازم ہے کہ ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد سے بلائے گئے جنرل میٹنگ کے نوٹس کے ساتھ اہم انکشافات پر مشتمل ایک بیان منسلک کیا جائے، جس میں آزاد ڈائریکٹر کے طور پر تقرری کے لیے تجویز امیدوار کے انتخاب کا جواز بیان کیا گیا ہو۔

مذکورہ بالا قانونی تقاضے کے تحت آزاد ڈائریکٹر کا انتخاب کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 159 کی دفعات کے مطابق کیا جائے گا۔

کمپنی اس امر کو یقینی بنائے گی کہ منتخب کیے جانے والے آزاد ڈائریکٹر/ڈائریکٹر کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 166 اور اس کے تحت جاری کردہ قواعد وضوابط میں آزاد ڈائریکٹر کے لیے مقرر کردہ معیار پر پورا اترتے ہوں، اور ان کے نام پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کے زیر انتظام آزاد ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بیک میں درج ہوں۔

کمپنی کے کسی بھی ڈائریکٹر کا کاروبار میں کوئی براہ راست یا بالواسطہ مفاد نہیں ہے، سوائے اس حد تک کہ وہ خود کو ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے امیدوار کے طور پر پیش کرنے کے اہل ہیں۔